# مقدس پُنطیان (پاپائے اعظم، شہید)

# مقدس ہپولیتوس (کاہن، شہید)

مقدس پُنطیان رومی تھے اور آپ نے پاپائے اعظم کی حیثیت سے 230 میں سے 235 تک خدمات سرانجام دی۔ بعدازاں حاکمِ وقت نے آپ کو سردینیا کے مقام پر کانکنی کے لیے جلاوطن کردیا۔ یہاں پر آپ نے بے شمار دُکھ اور اذیتیں سہیں۔ آپ ہی کے ساتھ ہپولیتوس جو ایک کاہن اور مشہور علم الٰہیات تھے جو جلاوطن کیے گئے تھے۔ مقدس ہپولیتوس متعدد مذہبی تصانیف کے مالک تھے۔ آپ کی لکھی ہوئی کلام مقدس کی تفاسیر اِس صنف میں اوّل درجہ رکھتی ہیں۔ 215 میں آپ نے اپنی مشہور کتاب ''رسولوں کی روایت'' قلم بند کی۔ اِس میں رسم تقرری کے اصول اور ضوابط بھی پائے جاتے ہیں۔ آپ نے اُن لوگوں کی تعلیم کی تصحیح کی جو اصل تعلیم سے بھٹک چکے تھے۔ اِسی کوشش میں آپ بھی غلط فہمیوں کا شکار ہوگئے۔ آپ پاپائے اعظم پُنطیان کے ساتھ ہی شہید کردیے گئے۔

اے خداوند ہمارے خدا! تُو جنہیں چنتا ہے وہ کبھی بھی سچے ایمان کی گواہی دینے سے نہیں ڈرتے۔ ہمیں یہ توفیق دے کہ تیرے اِن مقدسین کے خون بہانے کے وسیلے سے ہم ایمان کے ہر وقت پابند اور گواہ ٹھہریں۔ آمین